| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | پہلا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ذ' کی پہچان کرسکیں'۔اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے کوئی سے دو الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔بچوں سے حروف 'ا تا ڈ' کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ذ' ہے۔یہ حروف تہجی کا چودھواں حرف ہے اور یہ 'ذ' کے خاندان کا آخری حرف ہے۔بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ذ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔اور حرف 'ذ' کے ذخیرہ الفاظ (ذخیرہ، ذرات) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔بچوں کو 'ذ' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ذ' کی ورک شیٹ دی جائے گی۔بچے حرف 'ذ' کے بڑے پرنٹ پر کاغذ کے چھوٹے ٹکڑوں کو ذرات کے طور پر چسپاں کریں گے۔ | 20منٹ | ورک شیٹ رنگ والے کاغذ کے چھوٹے ٹکڑے کٹے ہوئے گالو | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے پوچھا جائے کہ حرف 'ذ' پر کتنے نقطے ہوتے ہیں اس کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | دوسرا | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ذ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کوئی سے چار الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ذ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے پہیلی پوچھی جائے گی۔ میں 'ذ' کے خاندان کا دوسرا حرف ہوں میرے سر پہ ہے ٹوپی۔ میں ہوں کون میں 'ذ' کے خاندان کا تیسرا حرف ہوں۔ میرے سر پر ہے ایک نقطہ میں ہوں کون۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کہا جائے گا کہ کتاب کا صفحہ نمبر 34 کھولیں۔ اور حرف (ذ) سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتایئے۔ 'ذ' کی آواز کی بار بار دہرائی کروایئے۔ بچوں کو Salt Tray کی مدد سے حرف 'ذ' لکھنے کی مشق کروایئے۔ | 20 منٹ | صفحہ نمبر 34<br>Salt Tray | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ذرات اور ذخیرہ کی ابتدائی آواز پوچھیے۔ | | ورک شیٹ | |
| | **ہوم ورک:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی۔ جس میں ذرات میں 'ذ' کے گرد دائرہ لگایئے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ذ' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے چار الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ذ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ذ' کی کہانی سنیں گے۔<br>آج ذونیا کی امی نے نئی میٹھی ڈش بنائی ذونیا نے امی کو کہا کہ اس کا ذائقہ بہت اچھا ہے۔ اُس کی امی نے اُس کو کہا کہ سٹور میں چینی کا ذخیرہ پڑا ہے وہاں سے چینی لے آؤ۔ اور دھیان سے چینی کے ذرات نیچے نہ گریں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'ذ' کی شکل کٹ آؤٹ دیئے جائیں گے۔۔ بچوں کو نقطوں اور 'ط' کا کٹ آؤٹ دیا جائے گا۔ اور کہا جائے گا کہ 'ذ' کے اوپر نقطہ آتا ہے یا ط اُن سے نقطہ رکھ کر 'ذ' کی صوتی آواز بتانے کا کہیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر بچوں سے 'ذ' کے اوپر مار کر پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 20 منٹ | کٹ آؤٹ اور نقطے کٹ آؤٹ گلو | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ذ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ سات اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ذ' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ذ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔ اس میں 'ذ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈز<br>ٹوکریاں۔2 بال: پیلے/سبز حرف ڈ،ذ فلیش کارڈز | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو Sand Tray دیا جائے گا اور اُن کو کہا جائے گا کہ اس کے اوپر 'ذ' لکھیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو ٹوکریاں دی جائے گی۔ جس میں حرف 'ڈ' اور 'ذ' لکھا ہوگا۔ اور ساتھ میں سبز اور پیلے رنگ کے بال فراہم کیے جائیں گے۔ اور انھیں کہا جائے گا کہ وہ سبز بال حرف 'ڈ' کی ٹوکری میں ڈالیں اور پیلے بال حرف 'ذ' کی ٹوکری میں ڈالیں۔ بچوں کو کتاب کا صفحہ نمبر 35 کھولنے کو کہا جائے گا۔ اُن کو کہا جائے گا۔ ذخیرہ کے اوپر لکھے ہوئے حروف میں سے حرف 'ذ' کے گرد دائرہ لگائیں۔ اور 'ذ' کی درست بناوٹ پر پنسل پھیرنے کو کیا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 35 | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر 'ذ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ذ' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ذ' کی پہچان کر سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ کوئی سے سات اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حرف 'ذ' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کی مدد سے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں سے Sand letter پر حرف 'ذ' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی پر حرف 'ذ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی۔ تاکہ وہ مقررہ وقت میں کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ذ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**ہوم ورک:**<br>کاپی میں حرف 'ذ' پر پنسل پھیریے۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>3 منٹ | فلیش کارڈز<br>Sand Letters<br>کاپی | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'ذ' کا درست تلفظ آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ذ' کی نشاندہی کرنے پر۔ |